مدرسۂ فیضانِ ولایت علی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ۔

ملیر سٹی کراچی۔

یہ مدرسہ معین پاکستان، قلندرِ زماں حضرت الحاج سائیں بابا ولایت علی شاہ قلندر رحمہ اللہ کے نامِ نامی اسمِ گرامی سے موسوم ہے۔ اور آپ کے آستانۂ عالیہ کے احاطے ہی میں واقع ہے۔ جہاں زیبِ سجادہ حضرت سائیں امیر احمد انصاری رحمانی قلندری دامت برکاتہم العالیہ (جو حضور قبلہ چچا جان رحمہ اللہ سے شرفِ بیعت و دستارِ خلافت بھی رکھتے ہیں) کی زیرِ نگرانی کم و بیش 70 طلبہ و طالبات تعلیم قرآن کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو رہے ہیں۔ جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ہفتہ وار و ماہانہ بنیادوں پر محافلِ ذکر و نعت خوانی و دُعا کے ذریعہ طلبہ و طالبات کی اخلاقی و روحانی تربیت کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔